07/04/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  عارف حسین سے خبریں سُنئے

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بی جے پی کے ممبران اسمبلی اور پارٹی کے سینئر رہنماو

---

ں کو یقین دلایا ہے کہ جموں علاقے میں دہشت گردی سے متعلق صورتحال پر جلد ہی قابو پایا ۂ جائے گا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ جموں و کشمیر کا ریاستی درجہ مناسب وقت پر بحال کیا جائے گا۔

انہوں نے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کی موجودگی میں تریکوٹا نگر میں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں بی جے پی کے تمام 28 ممبران اسمبلی کے ساتھ دو گھنٹے طویل ملاقاتیں کیں۔ نیشنل جنرل سکریٹری و انچارج جموں و کشمیر ترون چگ ، بی جے پی یو ٹی کے چیف ست شرما ،اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور اراکین پارلیمنٹ جُگل کشور شرما اور غلام علی کھٹانا بھی میٹنگ میں موجود تھے۔

واضح رہے کہ وزیر داخلہ کل شام جموں و کشمیر کے تین روزہ دورے پرجموں پہنچے۔لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا ، بی جے پی کے سینئر رہنماو

---

ں اور یوٹی انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں نے ہوائی اڈے پر ان کا استقبال کیا۔ۂ

وزیر داخلہ آج بین الاقوامی سرحد کا دورہ کریں گے اور وہاں زمینی صورتحال کا جائزہ لیں گے ۔ وزیر داخلہ دن کے دو بجے راج بھون جموں میں جے اینڈ کے پولیس کے شہدا کے کنبہ کے افراد سے ملاقات کریں گے اور ان میں سے چند ایک کو ہمدردی کی بنیادوں پر تقرری کے خطوط بھی پیش کریں گے۔ بعد میں وہ سرینگر کے لئے روانہ ہوں گے، جہاں ان کا کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کے افتتاح کا پروگرام ہے ۔

وزیر اعلیٰ

اقلیتی اَمور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کشمیر یونیورسٹی میں" لوک سموردھن پرو " نامی نمائش کا افتتاح کیا۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ جو کہ تقریب پر مہمانِ خصوصی تھے ،نے اس موقعہ پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں و کشمیر نے برسوں سے متعدد چیلنجوں کا سامنا کیا ہے لیکن اَب یہ خطہ بتدریج ان مشکلات سے نکل رہا ہے۔اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ خطے کو ملک کی مجموعی ترقی میں مساوی شراکت دار بنانے کے لئے کوششیں جاری ہیں۔

تقریب میں اقلیتی امور کے وزیر مملکت جارج کورئین نے مہمان ذی وقار کی حیثیت سے شرکت کی۔اِس موقعہ پر کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلرپروفیسر نیلوفر خان سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔

درخشاں

جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو کے ساتھ ایک تفصیلی ملاقات کی ۔

ڈاکٹر اندرابی نے مرکزی وزیر کے ساتھ مستقبل میں وقف کی ترقی اور انتظامی امکانات اور منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے جے اینڈ کے وقف بورڈ کے سربراہ کی حیثیت سے ان کے کام کی تعریف کرنے پر وزیر کا شکریہ ادا کیا۔

اسمبلی

جموں کشمیر اسمبلی کا بجٹ اجلاس بارہ دن کے وقفے کے بعد آج سے پھر شروع ہو رہا ہے ۔ اجلاس کے دوران کئی اہم امور پر زور دار بحث ہونے کا امکان ہے ۔

ٹولپ گارڈن

سرینگر میں ڈل جھیل کے کنارے واقع مشہور الزمانہ باغ گلہ لالہ کی سیر پر آنے والے سیاحوں کی تعداد میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ کل مزید81 ہزار 352 سیلانیوننے باغ کی سیر کی۔

اس طرح اب تک مجموعی طور پر تین لاکھ 89 ہزار 608 سیاحوں نے ٹولپ گارڈن کا نظارہ کیاہے ۔ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیلانی بھی شامل ہیں۔

پولیس

ایس پی سوپور کی قیادت میں ڈسٹرکٹ ڈرگ ڈسپوزل کمیٹی سوپور نے ضبط کی گئی لاکھوں روپے مالیت کے منشیات اور دیگر نشیلی اشیاءکو ضائع کیا ۔

اننت ناگ پولیس کی طرف سے کل گورنمنٹ ڈگری کالج اُترُسو میں نئے فوجداری قوانین اور منشیات مخالف مہم پر ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا ۔

اننت ناگ میں پولیس اہلکاروں میں ڈیجیٹل صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے پولیس DPSدریں اثناء کی طرف سے ایک روزہ ورکشاپ منعقد کیا گیا ۔

عالمی دن

صحت کا عالمی دن آج دنیا بھر میں منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال سات اپریل کو منایا جاتا ہے تاکہ صحتکی دیکھ بھال اور صحت مندی کے اچھے طریقوں کے بارے میں شعور اجاگر کیا جا سکے۔ اس سال کا موضوع ہے ” صحت مند آغاز ، امید افزا مستقبل“ ۔

عالمی یوم صحت کے موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ہر ایک کے لئے اچھی صحت اور خوشحالی کی دعا کی ہے ۔

فوج کی چنار کور نے اس موقعہ پر صحت مند زندگی کے تئیں ایک جامع اپیروچ اپنانے پر زور دیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 9ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ